ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(538)

مورخہ 08.10.2023

**بہاولپور ( ) ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ سٹی حاصلپور پولیس نے بدنام زمانہ منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے 7 مقدمات درج کیے۔ بھاری مقدار میں ہیروئن، کرسٹل آئس اور شراب برآمد کرلی، سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو سماج دشمن عناصر کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ سٹی حاصلپور سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 07 ملزمان کو گرفتار کرکے منشیات فروشی کے 7 مقدمات درج کیے اور ان کے قبضہ سے 01 کلو 218 گرام ہیروئن، 15 گرام کرسٹل آئس اور 90 لیٹر شراب برآمد کرلی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرز پر کارروائیاں جاری رہیں گی اور منشیات فروشی کے دھندے میں ملوث افراد کو قانون کے مطابق سخت سزا دلوائی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور پولیس ہرصورت شہریوں کی حفاظت کی ذمہ دار ہے اور احساس تحفظ کو مزید مستحکم کیا جائے گا۔ڈی پی او نے بہترین کارکردگی پر تھانہ سٹی حاصلپور پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ سٹی حاصلپور پولیس کی کامیاب کارروائیاں، متعدد منشیات فروش گرفتار، بھاری مقدار میں ہیروئن، کرسٹل آئس اور شراب برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (539)

08.10.2023

## بہاولپور) (آئی جی پنجاب اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔ جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران و اہلکار تعینات کیے گئے۔ ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی، بعدازاں سیکیورٹی سکینینگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل و حرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں، کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں، معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے، غفلت و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن و امان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ضلع بھر میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(540)

مورخہ 08.10.2023

**بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں ڈی ایس پی حاصلپور سرکل جام سلیم کی سربراہی میں تھانہ صدر حاصلپور پولیس کی کامیاب کارروائی،ڈکیتی کے مقدمہ میں ملوث ملزمان گرفتار۔قبضہ سے 10لاکھ روپے نقد رقم برآمد۔**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ چند دن قبل تھانہ صدر حاصلپور کے علاقہ میں ڈکیتی کی واردات ہوئی۔ پولیس نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر کارروائی کا آغاز کیا اور مقدمہ درج کرنے کے بعد تفتیش شروع کر دی۔ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور مؤثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر ملزمان کو گرفتار کیا۔جن سے بھاری ریکوری کرتے ہوئے 10لاکھ کی خطیر رقم برآمد کر لی۔ پولیس نے ریکور شدہ رقم مدعی مقدمہ کے حوالے کر دی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال ریکور کرایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ صدر حاصلپور پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:۔تھانہ صدر حاصلپور پولیس کی کامیاب کارروائی،ڈی ایس پی سرکل حاصلپور اور ایس ایچ او تھانہ صدر حاصلپور ڈکیتی کے مقدمہ میں ریکور شدہ رقم 10لاکھ روپے مدعی مقدمہ کے حوالے کرتے ہوئے۔